## 120215 _ دروازوں وغیرہ پر دعائیں لٹکانا

**سوال**

بعض لوگ گاڑیوں اور دروازوں وغیرہ پر سفر اور گھر سے نکلنے اور سوار ہونے کی اور دوسری دعاؤں پر مشتمل اسٹکر چسپاں کرتے ہیں، یہ اسٹکر مختلف اداروں کی جانب سے پرنٹ شدہ ہوتے ایسا کرنے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

میرے خیال میں ایسا کرنے میں کوئی حرج نہيں، کیونکہ یہ لوگوں کی یادہانی کے لیے ہے، اور پھر اکثر لوگ یہ دعائيں یاد بھی نہيں کرتے، اس لیے جب آپ ان کے سامنے لکھ کر لگائينگے تو ان کے لیے اسے پڑھنا آسان ہو گا اس میں کوئی حرج نہيں کہ انسان اپنے ڈرائنگ روم میں مجلس کے کفارہ کی دعا لکھ دے تا کہ حاضرین جب وہاں سے اٹھیں تو وہ اللہ سبحانہ و تعالی سے یہ دعا کر لیا کریں.

اور اسی طرح چھوٹے اسٹکر گاڑیوں میں لگانا جس پر سفلر کی دعا لکھی ہو اس میں بھی کوئی حرج نہيں " انتہی

الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ

واللہ اعلم .